Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department
Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad
Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 02 **مارچ** 2018

آل پاکستان ZTBL ایمپلائز یونین (سی بی اے) کے انتخابات کو کالعدم قرار دے دیا گیا۔

قومی صنعتی تعلقاتی کمیشن نے اپنے فیصلے میں آل پاکستان ZTBL ایمپلائز یونین کے منعقد ہونے والے انتخابات کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔ اب اس یونین کو باقاعدہ الیکشن کے مراحل سے گزرنا ہوگا۔ یونین کے مرکزی عہدیداران کی بڑی اکثریت نے ادارے کے خلاف بلامقصد غلط بیانی پر مشتمل پروپیگنڈے اور ذاتی مفاد کی خاطر ناجائز حربے استعمال کرنے پر نالاں ہوکر اقبال خٹک جنرل سیکریٹری پر عدم اعتماد کا اظہار کیا تھا اور قومی صنعتی تعلقات کمیشن (NIRC) سے رجوع کیا تھا کہ یونین کے انتخابات کو کالعدم قرار دیکر نئے انتخابات کے انعقاد کے احکامات جاری کیے جائیں ان مرکزی عہدیداران میں ملک شمیض اعوان (چیئرمین) ذوالفقار خان تنولی، ذوالفقار علی خان نائب صدر اور دیگر عہدیداران پر مشتمل بڑی اکثریت شامل تھی۔

معزز عدالت نے جناب اظہر رفیق سنجرانی، ڈپٹی رجسٹرار ملتان کو نئے انتخابات منعقد کرنے کے لئے نگران آفیسر مقرر کیا ہے۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 051-9252681-2